پانچواں پرچہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویہ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

کل نمبر: ۱۰۰ | پہلا پرچہ: قرآن وحدیث | وقت: تین گھنٹے

نوٹ: تمام سوالات حل کریں۔

القسم الاول......قرآن پاک

سوال نمبر 1:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ آیات مقدسہ کا ترجمہ کریں۔ ۴۰

(۱) یَوْمَ یُحْمٰی عَلَیْهَا فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰی بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ

(۲) یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِیْنَ وَاغْلُظْ عَلَیْهِمْ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِیْرُ

(۳) دَعْوٰىهُمْ فِیْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِیَّتُهُمْ فِیْهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

(۴) وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِیَ بَیْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ

(۵) وَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰی مُوْسٰی وَاَخِیْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُیُوْتًا وَّاجْعَلُوْا بُیُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّاَقِیْمُوا الصَّلٰوةَ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ

(۶) فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّیْلٍ مَّنْضُوْدٍ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ وَمَا هِیَ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ بِبَعِیْدٍ

(۷) وَقَالَ لِلَّذِیْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِیْ عِنْدَ رَبِّكَ فَاَنْسٰىهُ الشَّیْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِی السِّجْنِ بِضْعَ سِنِیْنَ

سوال نمبر 2:۔ درج ذیل میں سے کسی دس الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

(۱) بضاعتهم (۲) متجاورات (۳) اعناب (۴) منذر (۵) قارعة (۶) ام الكتاب (۷) دآئبين (۸) نصب (۹) ضيف (۱۰) القنطين (۱۱) لحما طريا (۱۲) مدحورا

القسم الثانی......حدیث شریف

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل احادیث مبارکہ میں سے کسی دو کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ الفاظ کی تشریح وتوضیح سپرد قلم کریں۔ ۲۰

(۱) عن ابی ذر رضی الله عنه قال قال لی رسول الله ﷺ لا تحقرن من المعروف شيئا ولو ان تلقى اخاک بوجه طليق

(۲) عن جبلة بن سحيم قال أصابنا عام سنة من ابن الزبير فرزقنا تمرا وكان عبد الله بن عمر رضی الله عنهما يمر بنا ونحن نأكل فيقول لاتقارنوا فان النبی ﷺ نهى عن الاقران ثم يقول الا أن يستأذن الرجل أخاه

(۳) عن أبی سعيد الخدری رضی الله عنه قال قال رسول الله ﷺ ازارة المسلم الى نصف الساق ولا حرج أو لا جناح فيما بينه وبين الكعبين فما كان اسفل من الكعبين فهو فی النار ومن جر ازاره بطرا لم ينظر الله اليه

سوال نمبر 4:۔ درج ذیل میں سے کسی دو احادیث مبارکہ کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ صیغے حل کریں۔ ۲۰

(۱) عن يعيش بن طخفة الغفاری رضی الله عنه قال قال ابی بينما انا مضطجع فی المسجد على بطنی اذا رجل يحركنی برجله فقال ان هذه ضجعة يبغضها الله قال فنظرت فاذا رسول الله ﷺ

(۲) عن ابی يوسف عبد الله بن سلام رضی الله عنه قال سمعت رسول الله ﷺ يقول يا ايها الناس افشوا السلام واطعموا الطعام وصلوا الارحام وصلوا والناس نيام تدخلوا الجنة بسلام

(۳) عن ابی هريرة رضی الله عنه أن رسول الله ﷺ قال يقول الله تعالى ما لعبدی المؤمن عندی جزاء اذا قبضت صفيه من اهل الدنيا ثم احتسبه الا الجنة.

سوال نمبر 5:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ الفاظ کے معانی تحریر کریں۔ ۱۰

(۱) احاذر (۲) نياحة (۳) لصعق (۴) محضرة (۵) التثبيت (۶) جزور (۷) الحنث

پرچہ نمبر 2

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویہ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

کل نمبر:۱۰۰ — **دوسرا پرچہ: فقہ واصول فقہ** — وقت: تین گھنٹے

نوٹ: دونوں قسموں سے دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول.....فقه

سوال نمبر 1:۔ **اذا اطلع المشتری علی عیب فی المبیع فهو بالخیار ان شاء اخذه بجمیع الثمن وان شاء رده**

(۱) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور عیب کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) مشتری نے غلام خرید کر قتل کر دیا یا کھانا خرید کر کھالیا، پھر عیب پر مطلع ہوا تو اسے خیار عیب حاصل ہوگا یا نہیں؟ اختلاف ائمہ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔ **واذا اختلف الشفیع والمشتری فی الثمن فالقول قول المشتری**

(۱) عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ مسئلہ کی وضاحت سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) مذکورہ صورت میں اگر شفیع و مشتری میں سے ہر ایک بینہ قائم کردے تو کس کی بینہ معتبر ہوگی؟ اختلاف ائمہ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔ درج ذیل میں سے کسی پانچ اصطلاحات کی تعریفات تحریر کریں۔ ۲۵

(۱) المضاربۃ (۲) العاریۃ (۳) مفقود (۴) طلاق بدعت (۵) ایلاء (۶) قسامت

القسم الثانی......اصول فقه

سوال نمبر 4:۔ **فان اصول الفقه اربعة کتاب الله تعالی وسنة رسوله واجماع الامة والقیاس**

(۱) مذکورہ عبارت کا ترجمہ کریں اور اصول فقہ کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) خاص و عام میں سے ہر ایک کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 5:۔ **المشترک ما وضع لمعنیین مختلفین او لمعان مختلفة الحقائق**

(۱) مشترک کی تعریف اور حکم بیان کریں نیز کم از کم دو مثالیں دے کر اس کی وضاحت کریں۔ ۱۵

(۲) مؤول کی تعریف اور حکم لکھیں نیز اس کی مثال دے کر تشریح و توضیح سپرد قلم کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 6:۔ (۱) حقیقت متعذرہ، حقیقت مہجورہ اور حقیقت مستعملہ کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ ۱۵

(۲) بیان تقریر اور بیان ضرورت کی تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پرچہ نمبر 3

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویہ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | تیسرا پرچہ: نحو | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

الکلمۃ لفظ وضع لمعنی مفرد

(۱) اسم اور فعل میں سے ہر ایک کی تعریف، مثال اور وجہ تسمیہ بیان کریں۔ ۱۵

(۲) کلمہ کو کلام پر مقدم کرنے کی وجہ سپرد قلم کریں۔ ۶

(۳) الکلمۃ کے الف لام میں کتنے اور کون کونسے احتمالات ہیں؟ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔

والاصل ان یلی الفعل فلذلک جاز ضرب غلامہ زید

(۱) ترجمہ کریں اور فاعل کو مرفوعات میں سب سے مقدم کرنے کی وجہ تحریر کریں۔ ۱۲

(۲) خط کشیدہ کی ضمیر کا مرجع متعین کریں نیز مذکورہ ضابطہ کی وضاحت سپرد قلم کریں۔ ۱۲

(۳) کون کونسی صورتوں میں فاعل کو مفعول پر مقدم کرنا واجب ہے؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۲

سوال نمبر 3:۔

المفعول بہ ہو ما وقع علیہ فعل الفاعل نحو ضربت زیدا

(۱) عبارت کا ترجمہ کرنے کے بعد خط کشیدہ قیود کے فوائد تحریر کریں۔ ۱۲

(۲) مفعول بہ کا فعل پر مقدم ہونا مفعول بہ کے ساتھ خاص ہے یا تمام مفعول اس میں برابر ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۲

(۳) مفعول بہ کے فعل کو کتنے اور کون کونسے مقامات میں وجوبا حذف کیا جاتا ہے؟ مع امثلہ تحریر کریں۔ ۱۲

سوال نمبر 4:۔

درج ذیل میں سے صرف چار جملوں کی ترکیب نحوی کریں۔ ۲۸

(۱) المرفوعات ہو ما اشتمل علی علم الفاعلیۃ

(۲) زید قائم ابوہ

(۳) وضع لمعنی مفرد

(۴) قد علم بذلک حد کل واحد منہما

(۵) طاب زید نفسا

(٦) ان اللہ علی کل شیء قدیر

پرچہ نمبر ۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویہ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے	چوتھا پرچہ: منطق و عربی ادب	کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ: دونوں قسموں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول........منطق

سوال نمبر 1:۔

(۱) علم منطق کی تعریف، موضوع اور غرض تحریر کریں۔ ۵

(۲) مرقاۃ کے مصنف کا نام اور مختصر حالات زندگی بیان کریں۔ ۱۰

(۳) مرقات کی روشنی میں علم منطق کے معلمین کے صرف اسماء گرامی بالترتیب قلمبند کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔

(۱) مناطقہ کے نزدیک کلمہ کی تعریف کیا ہے؟ تحریر کریں۔ ۵

(۲) کلی متواطی اور کلی مشکک میں سے ہر ایک کی تعریف، مثال اور وجہ تسمیہ تحریر کریں۔ ۱۰

(۳) کلی ذاتی اور کلی عرضی کی تعریف کریں نیز بتائیں کہ کلیات خمسہ میں سے کونسی کلیات ذاتی ہیں اور کونسی عرضی؟ ۱۰

سوال نمبر 3:۔

(۱) موضوع کے اعتبار سے قضیہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟ ۵

(۲) منطقیوں کے نزدیک حمل اور اسکی اقسام کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(۳) قیاس اور اس کی اقسام مع تعریفات و امثلہ تحریر کریں۔ ۱۰

القسم الثانی .... عربی ادب

سوال نمبر 4:۔

(۱) قرآن مجید کے اسلوب بیان کی وضاحت کریں۔ ۱۰

(۲) تدوین قرآن پر ایک نوٹ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 5:۔

(۱) اسلامی ادب کی اقسام پر اختصار کے ساتھ روشنی ڈالیں۔ ۱۰

(۲) ہجو نگاری میں فرزدق کا مسلک اور اسکی ہجو نگاری تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 6:۔

(۱) سیدہ خنساء رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی اور شاعری کا نمونہ تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) سحبان وائل کے حالات زندگی اور اس کے خطبہ کا نمونہ سپرد قلم کریں۔ ۱۵

پرچہ نمبر 5

خاصہ سال اول

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویۃ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | پانچواں پرچہ: سیرت و تاریخ | کل نمبر: ۱۰۰

نوٹ۔ ہر قسم سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

القسم الاول......سیرت

سوال نمبر 1:۔

(۱) شق صدر ایک مرتبہ ہوا یا متعدد بار؟ جواب تفصیلاً سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۲) حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نکاح کا واقعہ زینت قرطاس کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2:۔

(۱) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق حسنہ پر ایک مضمون تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) سیرت رسول عربی میں عورتوں کے ساتھ حسن معاشرت کی جو تاکید بیان کی گئی ہے وہ تحریر کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 3:۔

(۱) غزوہ حنین کا واقعہ اپنے الفاظ میں مختصراً تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) اذان کی ابتداء اور تحویل قبلہ کے واقعہ کو تفصیلاً تحریر کریں۔ ۱۵

القسم الثانی......تاریخ الخلفاء

سوال نمبر 4:۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کوئی چار خصوصیات قلمبند کریں نیز بتائیں کہ آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟ ۱۰

(۲) سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فضائل و کمالات احادیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 5:۔

(۱) خلافت عمر اور ترویج اسلام کے موضوع پر ایک مضمون تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کا واقعہ اور شورش کے اسباب سپرد قلم کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 6:۔

(۱) حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی کنیت، سلسلہ نسب اور آپ کے فضائل احادیث مبارکہ کی روشنی میں تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) خلفاء راشدین میں کون کونسے صحابہ شامل ہیں؟ ان کی مدت خلافت بھی بتائیں نیز کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز ان میں شامل ہیں یا نہیں؟ ۱۵

پرچہ نمبر 6

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

خاصہ سال اول

تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان

ضمنی امتحان الشہادۃ الثانویہ الخاصۃ (ایف اے) سال اول برائے طلباء سال ۱۴۳۸ھ/2016ء

وقت: تین گھنٹے | چھٹا پرچہ: بلاغت | کل نمبر:۱۰۰

آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔

ہو علم یعرف بہ احوال اللفظ العربی التی بھا یطابق مقتضی الحال فتختلف صور الکلام لاختلاف الاحوال

(۱) مذکورہ بالا عبارت پر اعراب لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۲) کلام کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں نیز بتائیں کہ صدق خبر سے کیا مراد ہے؟ ۱۰

(۳) جملہ کے کتنے اور کون کونسے رکن ہوتے ہیں؟ ہر ایک کا نام تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2:۔

(۱) طلب تصور اور طلب تصدیق کی تعریف کریں۔ ۱۰

(۲) تمنی کی تعریف کرنے کے بعد بتائیں کہ تمنی اور ترجی میں کیا فرق ہے؟ ۱۰

(۳) ندا کی تعریف سپرد قلم کریں نیز بتائیں کہ ادوات ندا کتنے اور کون کونسے ہیں؟ ۱۰

سوال نمبر 3:۔

(۱) بلاغت کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) مجاز مرسل کی تعریف اور مثال سپرد قلم کریں۔ ۱۰

(۳) النقاح ، تکاکا ، اطلخم کا معنی لکھیں نیز بتائیں کہ یہ کس کی مثالیں ہیں۔ ۱۰

سوال نمبر 4:۔

درج ذیل اصطلاحات میں سے کسی پانچ کی تعریفات تحریر کریں۔ ۴۰

جناس، اقتباس، تضمین، تشابہ الاطراف، مغایرہ، تبلیغ، استطراد، طباق